# مصباح الدجیٰ یونیورسٹی

## کورس: واعظ/واعظہ (دورانیہ 2سال۔4سمیسٹر)

**سلیبس: واعظ/واعظہ۔فرسٹ سمیسٹر (دورانیہ: 6ماہ)** کل نمبر 500

**پارٹ 1 — نمبر 100**

1۔ قرآن: ترجمہ پارہ 1۔ منتخب آیات کی تفسیر (کم از کم 40 معتبر شیعہ وسنّی تفاسیر کی روشنی میں)
2۔ نہج البلاغہ۔ خطبہ: 1، کلمات قصار: 24 (کم از کم 10 معتبر شیعہ وسنّی مترجمین وشارحین کی روشنی میں)
3۔ صحیفہ کاملہ: دعا نمبر 1، 2، 7
4۔ اللمعۃ الدمشقیہ (کتاب الطہارت)

**پارٹ 2 — نمبر 100**

5۔ معرفت امام زمانہؑ: الصراط السوی
6۔ کشف الاسرار (علامہ سبطین سرسوی)۔
7- تاریخ اسلام (پہلا حصّہ۔ دور جاہلیت)
8- معاشرت اسلامی (تلخیص: تہذیب الاسلام)

**پارٹ 3 — نمبر 100**

9- علم النحو / مصباح النحو
10- عربی کا معلم (حصّہ اول و دوئم)
11- صرف بہائی۔ ابواب الصرف۔
12- دروس اللغۃ العربیۃ (حصّہ اول)

**پارٹ 4 — نمبر 100**

13- احکام کی تعلیم (محمد حسین فلاح زادہ)
14- علم فقہ (شہید مطہری)
15- فارسی کا آسان قاعدہ۔ تدریس زبان فارسی
16- اسلامک مووی: دی میسیج (The Message)

**حوزہ علمیہ ایران/عراق میں تعلیمی ورکشاپ کے مواقع**

یہ وفد **واعظ/واعظہ** (فرسٹ سمیسٹر) کے امتحان میں نمایاں کامیابی والے سٹوڈنٹس اور بہترین کارکردگی کے حامل کو آرڈی نیٹرز پر مشتمل ہوگا

**ماڈل پیپر 1**

**واعظ/واعظہ** (فرسٹ سمیسٹر) کے کل 4 ماڈل پیپرز ہیں

**پارٹ 5 — نمبر 100**

17- **علمی مباحثہ:** خورشید خاور ترجمہ شبہائے پشاور جلد 1
18- **مقتل** (مصائب): مقتل کی کم از کم 10 معتبر کتب کی روشنی میں
19- **خطابت** (مجلس پڑھنا): کسی بھی موضوع پر (10 منٹ فضائل اور 5 منٹ مصائب)
20- **مناظرہ** (Debate): دو سٹوڈنٹس کے درمیان (ایک حق میں دلائل دے گا اور دوسرا تردید کرے گا)

**نوٹ:** طلبہ وطالبات مزید مطالعہ اور اچھی تیاری کے لیے ویڈیو لیکچرز اور مصباح الدجی یونیورسٹی کی آن لائن کتب لائبریری سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ یہ سٹڈی مٹیریل انہیں ڈی وی ڈیز یا usb میں بھی مہیا کیا جاتا ہے۔

# ہدایات برائے واعظ/واعظہ

واعظ/واعظہ کے کورس کا دورانیہ 2 سال ہے اور یہ 4 سمیسٹرز پر مشتمل ہے۔ ہر سمیسٹر کی مجوّزہ ہر کتاب میں سے چار چار ماڈل پیپرز تیار کیے گئے ہیں۔ چاروں ماڈل پیپرز حل کر کے اکٹھے یونیورسٹی آفس میں نہیں بھجوائے جا سکتے۔ سٹوڈنٹس کو سب سے پہلے ماڈل پیپر نمبر 1 حل کر کے یونیورسٹی آفس بھجوانا ہوگا اور یونیورسٹی انتظامیہ کو ماڈل پیپر نمبر 1 کا شفاہی امتحان (Viva) دینے کے بعد اسی طرح باقی ماڈل پیپرز حل کرنا ہوں گے۔ ہر ماڈل پیپر کو حل کرنے کا دورانیہ ایک ماہ ہے آپ اسے جلدی بھی حل کر کے یونیورسٹی انتظامیہ سے شفاہی امتحان (Viva) کے لیے وقت لے سکتے ہیں۔

اگر آپ ماڈل پیپر خود حل کر پائیں تو بہت اچھی بات ہے لیکن اگر آپ کے لیے مشکل ہو تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ صرف و نحو کے قواعد اور دیگر فنّی اصطلاحات آپ کو سمجھ ہی نہ آئیں۔ ہو سکتا ہے کچھ سمجھ آ جائیں اور کچھ سمجھ نہ آئیں۔ یہ بھی ہو سکتا ہے جو سمجھ آیا تھا اگلے دن وہ بھی بھول جائے۔ یہ کوئی اچنبے کی بات نہیں ہے۔ آپ پہلے نہیں ہیں جن کے ساتھ یہ ہو رہا ہے۔ آج بڑے بڑے علماء جن پہ دنیا رشک کرتی ہے وہ بھی اسی مرحلے سے گزرے ہیں۔ ان کی کامیابی کا راز یہی تھا کہ انہوں نے ہمّت نہیں ہاری۔ عظیم مقصد کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھا۔ ہر مشکل اور صبر آزما مرحلے کو کامیابی سے عبور کرتے چلے گئے۔

سلیبس میں رہنمائی کے لیے آپ فون کر سکتے ہیں۔ آن لائن کلاس بھی لے سکتے ہیں۔ مصباح الدجیٰ یونیورسٹی لاہور میں واعظ/واعظہ کی ریگولر کلاس بھی جاری ہے۔ دوسرے شہروں کے طلبہ وطالبات کے لیے ہاسٹل کی سہولت موجود ہے۔ یہ سہولت چونکہ محدود ہے لہٰذا پہلے آنے اور پہلے پانے کی بنیاد پر دی جاتی ہے۔ ایسے طلبہ وطالبات جن کے لیے مسلسل ہاسٹل میں رہ کر پڑھنا مشکل ہو۔ وہ چند ہفتوں یا چند مہینوں کے لیے بھی ہاسٹل میں رہ کر یہ کلاس لے سکتے ہیں۔ جب وہ خود محسوس کریں کہ اب وہ فون پر یا آن لائن کلاس کی مدد سے گھر بیٹھے یہ کورس مکمل کر سکتے ہیں۔ انہیں اجازت ہوگی۔

آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ نے تعلیمات قرآن واہل بیتؑ خصوصاً ولایت حضرت علی علیہ السلام، عزاداریٔ سید الشہداء علیہ السلام اور معرفت امام زمانہ علیہ السلام کو دنیا بھر میں ہر گھر تک پہنچانے کے لیے واعظ /واعظہ (یعنی عالم/عالمہ، مبلّغ/مبلّغہ) کے کورس کا انتخاب کیا۔

ایک بڑے مقصد کے حصول کے لیے بڑے حوصلے، بڑے جذبے اور بڑی محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ صرف باتوں سے اور عملاً کچھ نہ کرنے سے بڑی منزل نہیں ملتی۔ یونیورسٹی انتظامیہ وسائل کی کمی اور دیگر مشکلات کے باوجود طلبہ وطالبات کی بہتر سے بہتر رہنمائی کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ وہ سمجھتی ہے کہ قوم کے انہیں سپوتوں نے ملت جعفریہ کو عظیم سے عظیم تر قوم بنانا ہیں۔ لہٰذا ان کی تعلیم وتربیت کے لیے مستند کتب کا انتخاب اور قابل اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئیں ہیں۔ ہماری اس بات کی تصدیق آپ خود کر پائیں گے۔ جب حوزہ ھائے علمیہ قم ایران اور نجف عراق میں تعلیمی ورکشاپس کے دوران مختلف مباحثوں، مذاکروں اور مقابلوں میں آپ اپنے آپ کو بہتر پوزیشن میں پائیں گے۔

مصباح الدجیٰ یونیورسٹی کے باقاعدہ کوئی مالی وسائل نہیں ہیں۔ یہ ادارہ مخیّر مومنین و مومنات کے تعاون سے چلتا ہے۔ لیکن اب دنیا بھر سے طلبہ وطالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد اور کیمپس کے زیر تعمیر ہونے کی وجہ سے اس کا انتظام وانصرام ہمارے لیے مشکل ہو رہا ہے۔ لہٰذا واعظ/واعظہ کے سٹوڈنٹس کے لیے بھی ادارے کی ممبر شپ لینا ضروری ہے۔

**نوٹ:** ایسے طلبہ وطالبات جنہیں اس سے پہلے عربی کی صرف و نحو سے بالکل آگاہی نہیں ہے۔ ان کے لیے ماڈل پیپر حل کر کے بھیجنے کی ترتیب یہ ہوگی۔ سب سے پہلے پارٹ نمبر 4، پھر 2، پھر 5، پھر 3 اور آخر میں پارٹ نمبر 1۔

ماڈل پیپرز یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر 2 فارمیٹ PDF اور MS WORD میں اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں۔ سٹوڈنٹس MS WORD کی فائل میں ہی ماڈل پیپر حل کر کے E-Mail کریں۔ کاغذ پر لکھے ہوئے ماڈل پیپرز قابل قبول نہیں ہوں گے۔